سوال

جنسی تسکین کیلیۓ سیکسی ویڈیو دیکھتا ہے

جواب

جنسی تسکین کیلیۓ سیکسی ویڈیو دیکھنے کی حرمت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جنسی تسکین کیلیۓ سیکسی ویڈیو دیکھنے کا کیا حکم ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد! کسی بھی مسلمان کےلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ جنسی افلام دیکھے، کیونکہ اس سے قساوت قلب، ذکر الہی سے غفلت، اس فعل شنیع کو عمل میں لانے کی سوچ اور گناہ کرنے کی جرات پیدا ہوتی ہے۔ اللہ تعالی نے مومنوں کو حرام شی کو دیکھنے سے اپنی نظر جھکالینے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ {قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ} [النور: 30]. اے نبی! آپ مومنوں کو کہہ دیں کہ وہ اپنی نگاہ جھکا کر رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ عمل ان کےلئے زیادہ پاکیزگی کا باعث ہے۔ ایسی افلام دیکھنے والے کو اللہ سے توبہ کرنی چاہیۓ اور اپنے اس گناہ کی معافی مانگنی چاہیۓ، زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں کہ کس گلی میں شام ہو جائے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث